نیسلے پاکستان نے صاف ہنزہ کیلئے اپنی کوششوں کو تیز کر دیا

لاہور 22 جنوری 2021ء:

نیسلے پاکستان نے اپنے عالمی وژن کے مطابق حال ہی میں ہنزہ میں پلاسٹک کے کچرے کی بیلنگ اور کمپریسنگ کیلئے مشین نصب کر کے کلین ہنزہ پراجیکٹ کے تحت اپنی کوششوں کو تیز کر دیا ہے۔ کلین ہنزہ پراجیکٹ کچرے کو ٹھکانے لگانے کیلئے ضلعی کونسل ہنزہ کے اقدام کا حصہ ہے جسے 2019 میں نیسلے پاکستان، گلگت بلتستان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (GBWMC) اور KADO کے درمیان اشتراک سے شروع کیا گیا۔

کلین ہنزہ پراجیکٹ کے تحت ہنزہ کے ویسٹ کو الگ کرنے اور اسے ری سائیکل کرنے کے قابل بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ سال 2021 میں 2 لاکھ کلوگرام پلاسٹک کو الگ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ جبکہ سال 2025 تک اس ہدف کو 1000 ٹن تک لے جایا جائے گا تا کہ ہنزہ کو کچرے سے پاک کرتے ہوئے ضلع میں پائیدار سیاحت کو فروغ دیا جا سکے۔

بیلنگ اینڈ کمپریسنگ مشین یونٹ کے افتتاح کرتے ہوئے فیض احمد، ڈپٹی کمشنر ہنزہ نے کہا"ہم علاقے میں پائیدار سیاحت کے فروغ اور کلین گرین ہنزہ کے خواب کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے نیسلے پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پلاسٹک کے کمپریسڈ کچرے کی گانٹھوں سے لدے ٹرک کی ہنزہ سے باہر منتقلی سے ویسٹ کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور گردشی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔"

ویسٹ فری فیوچر کے عالمی ویژن کو اجاگر کرتے ہوئے وقار احمد، ہیڈ آف کارپوریٹ امور اور پائیداری، نیسلے پاکستان نے کہا"ہم پیکجنگ کی ویسٹ سے ہونے والے ماحولیاتی اثرات کو کم سے کم کرنے کے لئے اپنے اقدامات کو مزید تیز کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا ویژن یہ ہے کہ ہماری پیکجنگ کو نہ زمین اور نہ ہی سمندروں، جھیلوں اور دریاؤں میں ٹھکانے لگایا جائے۔"

انہوں نے کہا"پیکجنگ کی ویسٹ کو ٹھکانے لگانے کے لئے ایک اجتماعی سوچ کی ضرورت ہے اور ہم کچرے کو کم کرنے، دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لئے اسے ری سائیکل کرنے کے بہترین حل تلاش کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہم نے سال 2025 تک اپنی پیکجنگ کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لئے اہم اہداف مقرر کئے ہیں اور یہ اقدام اس جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔"

قراقرم ہائی وے پر سطح سمندر سے 2500 میٹر کی بلندی پر واقع۔ ہنزہ پاکستان کا انتہائی معروف اور پرکشش سیاحتی مقام ہے۔ صرف سال 2018 میں 12 لاکھ سیاحوں نے اس علاقے کا دورہ کیا۔

اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف 12، ذمہ دارانہ استعمال اور پیداوار اور 17، شراکت داری کے مطابق اس منصوبے سے پیکجنگ ویسٹ کو ٹھکانے لگانے کے انتظام کو بہتر بناتے ہوئے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے کے حوالے سے نیسلے پاکستان کی کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

عالمی سطح پر نیسلے پیکجنگ ویسٹ کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے پیکجنگ کے نئے طریقہ، کچرے سے پاک مستقبل کا تعین کرنے اور نئی مثبت سوچ کو فروغ دینے کی اپنی حکمت عملی کے تحت قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے۔